## تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ کی روک تھام

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**1. ڈرائیور کو تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ سے روکنے والا نیا قاعدہ میرے گھنٹوں پر کیسے اثرانداز ہوتا ہے؟**

ٹیکسی اور FHV دونوں کے ڈرائیوروں کے لیے 24 گھنٹے کے کسی بھی دورانیے میں 10 گھنٹے سے زیادہ اور ایک تقویمی (کیلنڈر) ہفتے کے دوران 60 گھنٹے سے زیادہ مسافروں کی نقل و حمل ممنوع ہے۔ TLC بذریعہ TPEP اور LPEP نظاموں کے اور FHV بیسز سے موصول ہونے والے ٹرپ ریکارڈ ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے ڈرائیوروں کے گھنٹوں کا جائزہ لے گا۔ اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا کسی ڈرائیور یا بیس نے روزانہ کی یا ہفتہ وار حدود کی خلاف ورزی تو نہیں کی، TLC وقت مسافت – سواری کو اٹھانے اور منزل پر اتارنے کے درمیان وقت – کو جمع کرے گا۔

**2. TLC تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ سے روکنے والا نیا قاعدہ کب نافذ کرے گا؟**

TLC قاعدے کو تین مراحل میں لاگو کرے گا: ڈیٹا کا جمع کرنا، انتباہ اور سمنز۔

قاعدے کے تحت آنے والے تمام ڈرائیوروں کے ڈرائیونگ کے گھنٹوں کا کھوج لگانے کے لیے، TLC متعلقہ FHV بیسز کے ساتھ مل کر کام کرے گا تاکہ کی مسافروں کو اتارنے کا ڈیٹا TLC تک پہنچانے میں ان کی مدد کر سکے۔ ہر ٹرپ کے لیے سواری اتارنے کی تاریخ، وقت اور مقام کا ڈیٹا جمع کروانا FHV بیسز پر لازم ہو گا۔ TLC ڈیٹا جمع کروانے کی حتمی تاریخیں اور تصریحات فراہم کرنے کے لیے اپریل کے وسط میں بیسز سے رابطہ قائم کرے گا۔ معلومات TLC کے ٹرپ ریکارڈز ویب پیج پر بھی اپریل کے وسط میں دستیاب ہوں گے۔ پہلے مرحلے پر کافی مہینے لگیں گے۔ **نوٹ:** TLC کو پہلے سے ہی پیلی اور سبز ٹیکسیوں کے مکمل کردہ ٹرپس کا مکمل ٹرپ ڈیٹا موصول ہو رہا ہے۔

FHV کی طرف سے اضافہ شدہ ٹرپ ریکارڈز جمع کروائے جانے کے آغاز کے بعد TLC ٹیکسیوں اور FHV کے ٹرپ ریکارڈ کا تجزیہ کرے گا اور مقررہ حد سے زیادہ گھنٹے ڈرائیونگ کرنے والے ڈرائیوروں کو انتباہ جاری کرے گا۔ اس انتباہ کا مقصد ڈرائیوروں کو معلومات دینا ہے تاکہ ان کے سمنز جاری ہونے سے پہلے وہ اپنے شیڈول کو تبدیل کر سکیں۔

اس کے بعد TLC ڈرائیونگ کی حدود کی خلاف ورزی کرنے پر سمنز جاری کرے گا۔ سمنز جاری کرنے کی شروعات کرنے سے قبل TLC لائسنس یافتگان کو اطلاع دے گا۔ TLC کی جانب سے ڈرائیوروں کو جلد سے جلد جو سمنز جاری ہوں گے، وہ 2018 کے اختتام کے قریب ہوں گے۔

**3. FHV بیسز کو کون سی نئی معلومات جمع کروانے کی ضرورت ہے اور TLC نئے قواعد کا نفاذ کب کرے گا؟**

ہر ٹرپ کے لیے سواری اتارنے کی تاریخ، وقت اور مقام کا ڈیٹا جمع کروانا FHV بیسز پر لازم ہو گا۔ TLC نے ڈیٹا جمع کروانے کی حتمی تاریخیں اور تصریحات فراہم کرنے کے لیے گزشتہ سال بیسز سے رابطہ قائم کیا تھا۔ معلومات TLC کے ٹرپ ریکارڈز ویب پیج پر بھی دستیاب ہیں۔

**4. ایک ڈرائیور کل کتنے گھنٹے کام کرتا ہے، بیسز کے پاس اس بات کا کھوج لگانے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟**

کوئی بھی بیس مائیکروسافٹ ایکسل ورک شیٹ جیسی سادہ چیز استعمال کر کے اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو سکے گی۔ اس کے علاوہ ایسے وینڈر بھی موجود ہیں جو بھیجی گئی گاڑیوں کا کھوج رکھنے والے سافٹ ویئر بناتے ہیں۔ ہر بیس وہ طریقہ استعمال کر سکتی ہے جو ان کے کاروبار کے لیے موزوں ترین ہو۔

5. **سواری اتارنے کے ڈیٹا کے نئے تقاضے کی تعمیل میں بیسز کو مدد دینے کے لیے TLC کیا کر رہا ہے؟**

TLC بیسز کو رپورٹ کرنے کے نئے تقاضوں کی تعمیل کرنے میں، بشمول اس بارے میں معلومات کہ قواعد کی تعمیل کرنے کے لیے کس قسم کی ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے، مدد اور تکنیکی معاونت پیش کرے گا۔

6. **اگر مجھ سے وابستہ کسی گاڑی کو کوئی دوسری بیس بھیج دیتی ہے تو کیا ہو گا؟**

کوئی بھی بیس صرف اس کے لیے ذمہ دار ہے کہ جن ٹرپس پر وہ خود کسی ڈرائیور کو بھیجتی ہے، وہ گھنٹوں کی مقررہ حد کے اندر رہیں۔ کوئی بھی بیس اس وقت کا کھوج رکھنے کے لیے ذمہ دار نہیں ہے جو کوئی ڈرائیور کسی دوسری بیس کے لیے کام کرتے ہوئے صرف کرتا ہے، نہ ہی اس کو ایسا کرنے کی ضرورت ہے۔

7. **یہ قاعدہ ان بیسز کے متعلق کیا کہتا ہے جو ڈرائیوروں کو روزانہ کی اور ہفتہ وار حدود سے تجاوز کرتے ہوئے ٹرپس پر بھجواتی ہیں؟**

بیسز صرف ان ٹرپس کے لیے ذمہ دار ہیں جن پر وہ خود گاڑی بجھواتی ہیں، ان ٹرپس کے لیے نہیں جو ان کے ساتھ وابستہ ڈرائیور دوسری بیسز کی طرف سے قبول کرتے ہیں یا سبز ٹیکسی کی صورت میں اسٹریٹ میں سواری کے ہاتھ دے کر روکنے سے۔ بیسز کو مسافتی گھنٹوں کی روزانہ کی اور ہفتہ وار حد سے بڑھ کر اپنی طرف سے بجھوائے جانے والے ہر ٹرپ پر 200$ جرمانہ ہو گا۔

**مثال 1:** اگر ایک ڈرائیور 24-گھنٹے کے ایک دورانیے میں مسافروں کے ساتھ 11 گھنٹے گزارتا ہے، اور یہ تمام ٹرپ ایک ہی بیس کی جانب سے بھجوائے گئے ہوں تو اس بیس کو 10 گھنٹے کے بعد بھجوائے جانے والے ہر ٹرپ پر 200$ جرمانہ ہو گا۔

**مثال 2:** اگر ایک ڈرائیور 24-گھنٹے کے ایک دورانیے میں مسافروں کے ساتھ 11 گھنٹے گزارتا ہے، اور 6 گھنٹے کے ٹرپ بیس A کی جانب سے اور 5 گھنٹے کے ٹرپ بیس B کی جانب سے بھجوائے گئے ہوں تو نہ تو بیس A اور نہ ہی بیس B پر کوئی جرمانہ ہو گا۔

8. **ایک بیس کے طور پر میری کیا ذمہ داری ہے؟**

بیسز کی ذمہ داری ہو گی کہ وہ یقینی بنائیں کہ وہ گھنٹوں کی حد سے بڑھ کر کسی ڈرائیور کو ٹرپس پر نہیں بھیج رہیں۔

نیا قاعدہ بیسز سے ہر ٹرپ کے لیے سواری اتارنے کا ڈیٹا جمع کروانے کا بھی تقاضا کرتا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ بیسز کو اس تبدیلی کے ساتھ ہم آہنگ ہونے میں وقت لگے گا۔

9. **TLC ڈرائیوروں کے کام کے گھنٹوں پر کیوں حد لگانا چاہتا ہے؟**

مطالعات سے پتا چلا ہے کہ تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ اتنی ہی خطرناک ہو سکتی ہے جتنی بہت زیادہ شراب نوشی کے بعد۔ تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ کی روک تھام کے نئے قواعد دو اقسام کی تھکن پر توجہ دیتے ہیں جو ڈرائیونگ پر اثرانداز ہوتی ہیں – فوری تھکن اور کہنہ تھکن۔ کسی ایک دن میں نیند ناکافی رہنے کی وجہ سے فوری تھکن ہو جاتی ہے۔ کہنہ تھکن تب ہوتی ہے جب لوگ لمبی مدت تک خاطر خواہ آرام نہ کریں۔ تھکن کی یہ اقسام ٹریفک حادثوں کے زیادہ خطرے کے ساتھ منسلک کی جاتی ہیں۔

### 10.10 اور 60 گھنٹے کی حدود میں کون سے گھنٹے شمار کیے جاتے ہیں؟

TLC اس وقت کو شمار کرے گی جب کسی ڈرائیور کی گاڑی میں مسافر بیٹھا ہو گا ("پیسنجر ٹائم") ڈرائیوروں پر 24 گھنٹے کے ایک دورانیے میں 10 گھنٹے اور ہر ہفتے 60 گھنٹے پیسنجر ٹائم کی حد موجود ہو گی۔

### 11. اگر میں 10 گھنٹے کی حد تک بالکل پہنچنے ہی والا ہوں تو کیا میں مسافر  اٹھا سکتا ہوں؟

اگر آپ دن کا اپنا آخری ٹرپ شروع کرتے ہوئے 10 گھنٹے کی حد کے اندر ہیں تو آپ کو سمن نہیں موصول ہوں گے چاہے ٹرپ 10 گھنٹے کی حد سے آگے بڑھ جائے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ 9 گھنٹے 50 منٹ کا وقت مسافت گزار چکے ہیں اور آپ ایک آخری مسافر 20 منٹ کے ٹرپ کے لیے اٹھاتے ہیں، آپ کو اس دن میں 10 گھنٹے کی حد سے بڑھنے پر سمن نہیں جاری کیے جائیں گے۔ **نوٹ:** اس دن کا 10 گھنٹے اور 10 منٹ کا کل وقت مسافت آپ کی ہفتہ وار حد میں شمار کیا جائے گا۔

### 12.TLC کو کیسے پتا چلے گا کہ میں نے اپنی روزانہ کی اور ہفتہ وار حدود سے زیادہ گاڑی چلائی ہے؟

TLC بذریعہ پیلی ٹیکسی کے TPEP نظام اور سبز ٹیکسی کے LPEP نظام اور FHV بیسز سے موصول ہونے والے ٹرپ ریکارڈ ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے ہر ڈرائیور کے گھنٹوں کا شمار کرے گا۔ TLC اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ کسی ڈرائیور نے روزانہ کی یا ہفتہ وار حدود کی خلاف ورزی تو نہیں کی، ہر ٹرپ کے لیے سواری کو اٹھانے اور منزل پر اتارنے کے درمیان وقت کو جمع کرے گا۔

### 13. میں ایک دن/ہفتے کے دوران اپنے کام کے گھنٹوں کا شمار کیسے کر سکتا ہوں؟

گھنٹوں کا شمار 24 گھنٹے کے کسی دورانیے میں یا ایک تقویمی (کیلنڈر) ہفتے (پیر سے اتوار) کے دوران سواری کو اٹھانے اور اتارنے کی تمام باریوں میں گزرے ہوئے وقت کو جمع کر کے کیا جاتا ہے۔

**مثال:** ایک ڈرائیور سواری کو صبح 7:05 بجے اٹھاتا ہے اور صبح 7:20 بجے اتارتا ہے۔ ڈرائیور اگلی سواری کو صبح 7:35 بجے اٹھاتا ہے اور صبح 7:55 بجے اتارتا ہے۔ دوسرا ٹرپ 20 منٹ دورانیے کا ہے۔ کیونکہ پہلا ٹرپ 15 منٹ دورانیے کا اور دوسرا ٹرپ 20 منٹ دورانیے کا ہے، کل 35 منٹ وقت کا شمار ڈرائیور کی گھنٹوں کی حد میں کیا جاتا ہے۔ (اگلا صفحہ دیکھیں) **نوٹ:** دو ٹرپس کا درمیانی وقت ڈرائیونگ کی حدود میں شمار نہیں ہوتا۔

| | سواری اٹھانے کا وقت | سواری اتارنے کا وقت | ٹرپ کا دورانیہ (منٹ) |
|---|---|---|---|
| ٹرپ 1 | صبح 7:05 بجے | صبح 7:20 بجے | 15 |
| ٹرپ 2 | صبح 7:35 بجے | صبح 7:55 بجے | 20 |
| ڈرائیونگ کا کل وقت | | | 35 |

### 14. میں اپنے گھنٹوں کا کھوج کیسے رکھ سکتا ہوں؟

FHV کے ڈرائیوروں کو ان بیسز سے، جن کے ٹرپ وہ اٹھاتے ہیں، اس کے متعلق گفتگو کرنی چاہیئے کہ وہ اپنے گھنٹوں کا ریکارڈ بہترین طریقے سے کیسے رکھ سکتے ہیں۔ پیلی اور سبز ٹیکسیوں کے ڈرائیور

اپنے TPEP/LPEP ریکارڈز استعمال کرتے ہوئے اپنے ٹرپس کا کھوج رکھ سکتے ہیں۔ براہ کرم مدد کے لیے اپنے TPEP/LPEP فراہم کنندہ (کنندگان) سے رابطہ قائم کریں۔

| Creative Mobile Technologies, LLC (CMT) | Verifone, Inc. | Flywheel Software, Inc. |
|---|---|---|
| 11-51 47th Ave<br>Long Island City NY 11101<br>**ٹیلی فون:** (718) 937 4444<br>**فیکس:** (718) 472-4CMT (4268)<br>**24 گھنٹے مددگار ڈیسک:** (877) 268-2947<br>(877) CMTaxis | 37-03 47th Ave<br>Long Island City NY 11101<br>**ٹیلی فون:**<br>(718) 752-1656<br>**24 گھنٹے مددگار ڈیسک:**<br>(888) 432-7031 | **24 گھنٹے مددکار ڈیسک:**<br>(888) 667-7991<br>**ای میل:** support@flywheel.com |

**15. کیا ٹریفک، تعمیرات، یا موسم سے متعلقہ مسائل میں ضائع ہونے والا وقت ڈرائیور گھنٹوں میں شامل ہوتا ہے؟**

TLC صرف وہی وقت شمار کرے گا جب سواری گاڑی میں موجود ہو گی، یعنی مسافر اٹھانے اور اتارنے کا درمیانی وقت۔ اگر ڈرائیور سواری کے گاڑی میں ہوتے ہوئے ٹریفک میں پھنس جائے تو یہ وقت گھنٹوں کی حدود میں شمار کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر ڈرائیور نئے ٹرپ کی تلاش میں گاڑی چلا رہا ہو اور ٹریفک میں پھنس جائے تو یہ وقت گھنٹوں کی حدود میں نہیں شمار کیا جاتا ہے۔

**16. تھکن کی حالت میں ڈرائیونگ سے روکنے والا نیا قاعدہ پیلی ٹیکسیوں کے ڈرائیوروں کے گھنٹوں پر کیسے اثرانداز ہوتا ہے؟**

اس قاعدے کا ٹیکسی اور FHV کے ڈرائیوروں پر ایک ہی طرح سے اطلاق ہوتا ہے۔ ٹیکسی اور FHV دونوں کے ڈرائیوروں کے لیے 24 گھنٹے کے <u>کسی بھی</u> دورانیے میں 10 گھنٹے سے زیادہ اور ایک <u>تقویمی (کیلنڈر)</u> ہفتے کے دوران 60 گھنٹے سے زیادہ مسافروں کی نقل و حمل ممنوع ہے۔

**17. میں بحثیت پیلی یا سبز ٹیکسی کے ڈرائیور کے اپنے ٹرپس کا کھوج کیسے رکھ سکتا ہوں؟**

ہر پیلی اور سبز ٹیکسی گاڑی میں نصب شدہ TPEP اور LPEP نظام مطلوبہ ٹرپ ڈیٹا جمع کرتے ہیں۔ ڈرائیور روزانہ کی اور ہفتہ وار بنیاد پر اپنے کام کے گھنٹوں کا کھوج رکھنے کے لیے پورٹل میں لاگ ان ہو سکتے ہیں۔